| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: ہمارا ملک پاکستان**

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ہمارے ملک کا پورا نام اور اس کے قیام کی تاریخ بتا سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ ہر ملک کا اپنا جھنڈا ہوتا ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ پاکستان کا جھنڈا

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ہمارا ملک پاکستان" لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں ہمارے ملک کا پورا نام کیا ہے؟ ان سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 27 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔ طلبہ کو پڑھنے کے دوران جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہمارا پیارا ملک 14 اگست 1947ء کو آزاد ہوا۔ طلبہ کو آزادی کا مطلب بتائیں اور انھیں سمجھائیں کہ آزادی کے بعد پاکستان کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔
- کمرا جماعت میں پاکستان کا جھنڈا لگائیں اور طلبہ کو اس کا مشاہدہ کرنے کا موقع فراہم کریں۔
- جھنڈے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے طلبہ سے پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ جواب دینے میں طلبہ کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں یہ ہمارا قومی جھنڈا ہے۔ قومی جھنڈا کسی بھی ملک کی پہچان ہوتا ہے۔

## مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| پہچان | پہ۔ چان | واقفیت۔ نشانی |
| قومی پرچم | قَو۔ مِی۔ پَر۔ چَم | قوم کا جھنڈا |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ :

ہم کس ملک میں رہتے ہیں؟

پاکستان کب آزاد ہوا؟

ہمارے ملک کا پورا نام کیا ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ جشن آزادی کیسے مناتے ہیں؟ کمرا جماعت میں ساتھیوں کو بتائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ___ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: ہمارا ملک پاکستان

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ہمارے ملک کا پورا نام اور اس کے قیام کی تاریخ بتا سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ ہر ملک کا اپنا جھنڈا ہوتا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ہمارا ملک پاکستان" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ کو فلیش کارڈ کی مدد سے پاکستان کا جھنڈا دکھائیں اور اس کے بارے میں پوچھیں:

اس جھنڈے میں کتنے اور کون کون سا رنگ ہیں؟

اس پر کون سی علامتیں بنی ہیں؟

طلبہ کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 27 سے متن طلبہ سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ ساتھ ہی مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پرچم کسی بھی قوم کی پہچان اور فخر ہوتا ہے۔ پرچم کا احترام ہم سب پر فرض ہے۔
- انھیں تاکید کریں کہ ہمیں اپنے جھنڈے کا احترام کرنا چاہیے۔
- انھیں بتائیں ہم ہر سال 14 اگست کو جشنِ آزادی منانے کے لئے اپنے گھروں کی چھتوں پر قومی پرچم لہراتے ہیں۔ ہمیں چاہیے چودہ اگست گزرنے کے بعد گھروں میں لگائے جانے والے پرچم اور جھنڈیوں کو اتار کر سنبھال کر رکھ دیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| لہرانا | لَہ۔را۔نا | ہلنا/اُڑنا |
| جشن | جَ۔شَن | خوشی |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوال 1 کا جواب طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

۔طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو ملی نغمہ سنانے کے لیے کہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 6 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ہمارا ملک پاکستان

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کا جھنڈا بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق ''ہمارا ملک پاکستان'' نمایاں کر کے لکھیں۔ پاکستان کے جھنڈے کی تصاویر بنانے میں طلبہ کو مدد فراہم کریں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 27 سے متن پڑھوائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔ پڑھنے کے دوران میں بچوں کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔
- انھیں پاکستان کا جھنڈا دکھاتے ہوئے بتائیں کہ ہر ملک کا اپنا ایک جھنڈا ہوتا ہے۔ جھنڈا کسی ملک کی پہچان ہوتا ہے۔ پاکستان کا جھنڈا ہماری پہچان ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہر ملک کا جھنڈا مختلف علامتوں، رنگوں کی وجہ سے پہچانا جاتا ہے۔
- پاکستان کے جھنڈے میں دو رنگ ہیں۔ ایک سبز اور دوسرا سفید۔
- انھیں بتائیں کہ سبز رنگ مسلمانوں کی اکثریت کو اور سفید رنگ غیر مسلموں کو ظاہر کرتا ہے۔
- طلبہ کو پاکستان کے جھنڈے میں موجود سبز اور سفید حصوں کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں مسلمان اور غیر مسلم کے بارے میں مختلف مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔
- انھیں جھنڈے میں بنے چاند اور ستارہ دکھائیں اور بتائیں کہ چاند ترقی کی علامت ہے جبکہ ستارہ، روشنی اور علم کو ظاہر کرتا ہے۔

- طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے قومی پرچم کا احترام کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| روشنی | رَوش۔نی | چمک/اُجالا |
| ترقی | تَ۔رَق۔قِی | آگے بڑھنا |
| اقلیتوں | اَق۔لِی۔یَت | وہ گروہ جو تعداد میں کم ہو۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (1) کا سوال (ii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق:** ہمارا ملک پاکستان |

**سوال نمبر 1:** پاکستانی جھنڈے کی تصویر مکمل کریں اور اس میں رنگ بھریں۔

